© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں ایک تو محترمہ گلریز محمود صاحبہ کی کتاب...... دور نبوت میں شادی بیاہ کے رسم ورواج اور پاکستانی معاشرہ...... ہے اس کتاب میں مصنفہ نے کوشش کی ہے کہ مسلمانوں میں ان کے بقول جو رسوم ورواج ہندی تہذیب سے در آئے ہیں اور مسلم معاشرہ پر ان کے اثرات نمایاں ہیں...... مصنفہ کے خیال میں ان رسوم ورواج سے جان چھڑانے کی شدید ضرورت ہے جو غیر اسلامی ہیں کتاب میں مختلف علاقوں اور برادریوں کے شادی بیاہوں کے حوالہ سے رسوم ورواج کی تفصیلات درج ہیں......شروع میں اسلامی دور کی شادیوں کے کچھ احوال ہیں اور پھر پاکستانی شادیوں پر اٹھنے والے اخراجات پر مختلف رپورٹس شامل ہیں...... کتاب ۳۱۵ صفحات پر مشتمل ہے اور اسے الائیڈ بک سینٹر کبیر اسٹریٹ نمبر ۲، بالمقابل وینس مارکیٹ اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے......دسمبر ۲۰۱۰ میں شائع ہونے والی اس کتاب کی قیمت ۲۷۵ روپے درج ہے۔

دوسری کتاب جناب ڈاکٹر حافظ محمود اختر صاحب کی ہے جس کا عنوان ہے............ استحکام مملکت اور بدامنی کا انسداد............ جناب ڈاکٹر صاحب شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے سینئر اساتذہ میں سے ہیں، رئیس کلیہ ہیں اور متعدد کتب کے مصنف ہیں......ڈاکٹر صاحب کی سیرت طیبہ پر یہ اولین کتاب ہے جس کا عنوان جدید دور کی ضرورت کے مطابق منتخب کیا گیا ہے......کتاب کے ذیلی عنوانات کچھ اس طرح ہیں، معاشرتی وحدت اور تعلیمات نبوی، انسانی حقوق کا تحفظ اور قیام امن، قیام وحدت کے لئے نبی اکرم ﷺ کی عملی کوشش، استحکام مملکت کے لئے حکومتی ذمہ داریاں، فساد و بدامنی کا انسداد حدیث نبوی کی روشنی میں......ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب اس مفروضہ پر ایک تحقیقی کاوش ہے کہ آج کے دور میں مسلمان جن گوناں گوں مسائل سے دوچار ہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان مسائل میں سے ایک بنیادی مسئلہ مسلمانوں میں وحدت ویگانگت کا فقدان ہے......مؤلف کے بقول انہوں نے بالعموم اتحاد ویگانگت کے موضوع پر احادیث نبویہ یکجا کرنے کی کوشش کی ہے اور اتحادویگانگت پیدا کرنے کے لئے سیرت طیبہ کا فکری وعملی پہلو پیش کیا ہے..........کتاب کی قیمت صرف سوروپے ہے اور اسے الائیڈ بک سینٹر اردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے......

زہراء اکیڈمی کراچی سے جناب شیخ شبیر حسن میثمی نے کتابوں کا ایک سیٹ تحفہ میں دیا ہے ان میں ایک کتاب انہوں نے ہمیں سود پر بھی دی ہے یہ مطلب نہیں کہ خدانخواستہ ہم نے ان سے کوئی کتاب سود پر لے لی ہے بلکہ یہ کتاب سود کے موضوع پر ہے..........کتاب کا نام ہی...... الربا...... ہے ...... اور اس میں سود کی تعریف ، سود کی اقسام، قرآن وحدیث کی روشنی میں سود کی حرمت، سود کے مختلف حیلے، سودخوری کی سزااوراسی سے متعلق دیگر مباحث ہیں......علاوہ ازیں آغاز میں سود گزشتہ ادیان ومعاشروں میں کا ایک جائزہ بھی شامل ہے..........کتاب کے مصنفین جامعہ مدرسین حوزہ علمیہ قم کے محققین ہیں اس کا اردو ترجمہ جناب غلام حسن مفتی نے کیا ہے جبکہ زہرا اکیڈمی کراچی نے اسے شائع کیا ہے......۳۸۲ صفحات پر مشتمل یہ کتاب سود کے حوالہ سے اہل تشیع کے نقطہ نظر کی ترجمان ہے ، تاہم اس میں تحقیقی اصولوں کے مطابق معروف شیعہ کتب کے علاوہ دیگر مکاتب فکر کی کتب فقہ وحدیث وتاریخ وتفسیر کے حوالہ جات واقتباسات بھی شامل ہیں ، مثلا جامع البیان فی تفسیر القرآن، تفسیر روح المعانی، التفسیر الکبیر، فی ظلال القرآن، تفسیر المراغی، المنار، المجموع ، المحلی ، الحاوی الکبیر، المہذب لابن براج ، کتاب الام للشافعی، المزنی ، المبسوط للشیخ الطوسی ،کنز الدقائق وغیرہ ......کتاب اسی سال ۲۰۱۱ ہی میں شائع ہوئی ہے ، قیمت درج نہیں ، اہل علم کو یہ کتاب زہرا اکیڈمی G-2 جیوانی ریزورٹ پلاٹ 163-C پی ای سی ایچ سوسائٹی کراچی بلاک ۳ سے غالبا ہدیۃ بھی مل سکتی ہے فون نمبر 3431 2770 اور ای میل zahraacademy@gmail.com پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے......

## نیا اسلامی سال مبارک ہو

☆ الضرورات تبیح المحظورات ☆ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں ☆

© rasailojaraid.com